# سندھ آرڈیننس نمبر XIII مجریہ 1994

# SINDH ORDINANCE NO.XIII OF 1994

# سندھ نجی اساتذہ کے تربیتی ادارے (رجسٹریشن اور ضابطہ) آرڈیننس، 1994

# THE SINDH PRIVATE TEACHERS TRAINING INSTITUTIONS (REGISTRATION AND CONTROL) ORDINANCE, 1994

## فہرست (CONTENTS)


تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1. مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

2. تعریف
Definition

3. قیام یا رجسٹریشن کے علاوہ ادارہ جاری رکھنے کے خلاف منع نامہ
Prohibition against establishing or continuing institution without registration

4. رجسٹریشن وغیرہ کے لیئے درخواست
Application for registration etc

5. نجی ادارے کا قیام اور جاری رکھنا

Establishment and continuance of private institution

6. سرٹیفکیٹ ملتوی کرنا یا منسوخ کرنا

Suspension or cancellation of certificate

7. اپیل

Appeal

8. جرمانہ

Penalty

9. جرم پر کارروائی کا اختیار

Cognizance of offence

10. اثر انداز ہونا

Overriding effect

11. ضمانت

Indemnity

12. قواعد بنانے کا اختیار

Power to make rules

# سندھ آرڈیننس نمبر XIII مجریہ 1994

# SINDH ORDINANCE NO.XIII OF 1994

# سندھ نجی اساتذہ کے تربیتی ادارے (رجسٹریشن اور ضابطہ) آرڈیننس، 1994

# THE SINDH PRIVATE TEACHERS TRAINING INSTITUTIONS (REGISTRATION AND CONTROL) ORDINANCE, 1994

[5جون، 1994]

جس کے توسط سے صوبہ سندھ میں نجی اساتذہ کے تربیتی اداروں کے کام کو باقاعدہ بنایا جائے گا۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ صوبہ سندھ میں خانگی اساتذہ کے تربیتی اداروں کے کام کو باقاعدہ بنانے اور اس پر نظرداری کرنے کے سلسلے میں ایسے اداروں کی رجسٹریشن کرنا مقصود ہے؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی کا اجلاس نہیں چل رہا ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی اقدام اٹھانا ضروری ہو گیا ہے؛

اب، اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عبوری آئین کے آرٹیکل

128 کی شق (1) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کر نافرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

1. (1) اس آرڈیننس کو سندھ خانگی اساتذہ کے تربیتی ادارے (رجسٹریشن اور ضابطہ) آرڈیننس، 1994 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفور نافذ ہوگا اور رہتی گنجائشیں ایسی تاریخ سے نافذ ہوں گی، جیسے حکومت سرکاری گزیٹ میں واضح کرے۔

تعریف
Definition

2. اس آرڈیننس میں، جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو، تب تک:

(a) "سرٹیفکیٹ" سے مراد اس آرڈیننس کے تحت جاری کردہ رجسٹریشن کا سرٹیفکیٹ؛

(b) "حکومت" سے مراد حکومت سندھ؛

(c) "ادارہ" سے مراد وہ نجی ادارہ، جانا جاتا ہو، جو شاگردوں کو استاد کے طور پر مقرر کرنے کے لیئے تعلیم اور تربیت دے رہا ہو؛

(d) "بیان کردہ" سے مراد قواعد کے تحت بیان کردہ؛

(e) "رجسٹریشن اتھارٹی" سے مراد ڈائریکٹر، بیورو آف کریکیولم اینڈ ایکسٹینشن ونگ، سندھ جامشورو اور جس میں شامل ہے کوئی شخص جو اس آرڈیننس کے تحت رجسٹریشن اتھارٹی کی ذمیداریاں نبھانے کے لیئے مقرر کیا گیا ہو؛

(f) "قواعد" سے مراد اس آرڈیننس کے تحت بنائے گئے قواعد۔

قیام یا رجسٹریشن کے علاوہ ادارہ جاری رکھنے کے خلاف منع نامہ
Prohibition against establishing or

3. اس آرڈیننس کی گنجائشوں کے علاوہ کوئی بھی ادارہ قائم کیا یا چلایا نہیں جائے گا۔

continuing institution without registration

رجسٹریشن وغیرہ کے لیئے درخواست
Application for registration etc

4. (1) کوئی شخص جو ادارہ قائم کرنے کا خواہشمند ہو اور کوئی شخص جو پہلے سے موجود ادارے کو اس طرح جاری رکھنے کا خواہشمند ہو، وہ رجسٹریشن اتھارٹی کو بیان کردہ طریقیکار کے تحت رجسٹریشن فی اور کاغذات کے ساتھ درخواست دے سکتا ہے۔

(2) رجسٹریشن اتھارٹی، درخواست ملنے پر، اس کی طرف سے مقرر کردہ ایک جانچ آفیسر یا جانچ کمیٹی کے ذریعے جانچ کرائے گی، اس سلسلے میں خود کو مطمئن کرنے کے لیئے کہ:

(a) عمارتیں اور احاطے صحت سے متعلقہ ساری سہولیات فراہم کریں گے؛

(b) عملہ بیان کردہ تعلیمی قابلیت رکھے گا اور کافی ہوگا اور ان کو مناسب ادائگی کی جائے گی۔

(c) وصول کردہ فیس فراہم کردہ سہولیات کے متضاد نہ ہوں گی؛

(d) یہ ماننے کا کوئی بھی سبب نہیں کہ ادارہ غیر پسندیدہ طریقیکار کے تحت چلایا جائے گا یا غیر موزوں افراد کی طرف سے چلایا جائے گا؛

(e) یہ کہ فرنیچر اور سامان موزوں ہیں؛ اور

(f) داخلاؤں اور تربیتی پروگرام کی ضروریات اور شرائط بشمول پڑھائی کے کورسز، ان پر عملدرآمد، پڑھائی جسے رجسٹریشن اتھارٹی کی طرف سے وقتاً فوقتاً طئے کی جائے گی، اس پر عمل کیا جائے گا اور

اس کو مکمل کیا جائے گا؛

(3) جانچ آفیسر یا جانچ کمیٹی کی طرف سے رپورٹ ملنے پر، اگر رجسٹریشن اتھارٹی، ذیلی دفعہ (۲) میں بیان کردہ معاملات کے سلسلے میں:

(a) مطمئن ہے کہ وہ مذکورہ طریقیکار کے تحت سرٹیفکیٹ جاری کرے گی، ایسی شرائط اور ضوابط کے تحت جیسے وہ نافذ کرنا چاہے اور مذکورہ طریقیکار کے تحت ادارے کو "خانگی اساتذہ کا تربیتی ادارہ" کے طور پر رجسٹر کرے گی، جس کے سلسلے میں درخواست کی گئی ہے، اور سرٹیفکیٹ پر رجسٹریشن کی حقیقت کی توثیق کرے گی؛

(b) اگر مطمئن نہیں ہے تو، وہ سرٹیفکیٹ سے انکار کرے گی، بشرطیکہ یہ کہ اگر معمولی کمی ہے یا وہ کمی ختم کی جا سکتی ہے، تو سرٹیفکیٹ جاری کرنے سے تب تک انکار نہیں کیا جائے گا جب تک درخواست گذار کو مناسب وقت کے دوران کمی پوری کرنے کے لیئے تحریری طور پر نوٹس جاری نہیں کیا جاتا اور جب تک وہ اس نوٹس پر عمل کرنے میں ناکام نہیں ہوتا۔

(4) رجسٹریشن اتھارٹی سرٹیفکیٹ جاری کرنے یا سرٹیفکیٹ سے انکار کرنے کے اسباب ریکارڈ میں رکھے گی۔

(2) وہ شخص جس کو سرٹیفکیٹ جاری کیا گیا ہے، وہ اس ایکٹ کی گنجائشوں، قواعد اور ضوابط پر عمل کرنے کا پابند ہوگا، اگر کوئی ہوں، جن کے تحت سرٹیفکیٹ جاری کیا گیا ہے۔

**خانگی ادارے کا قیام اور جاری رکھنا**
**Establishment and continuance of private institution**

5. ادارہ جو پہلے سے موجود نہ ہو وہ فقط دفعہ ۴ کی ذیلی دفعہ (3) کے تحت سرٹیفکیٹ جاری ہونے کے بعد قائم کیا جائے گا۔

(2) پہلے سے موجود ادارہ جس نے اس سلسلے میں اس ایکٹ کے نافذ ہونے

کے تیس دن کے اندر دفعہ 4 کی ذیلی دفعہ (1) کے تحت درخواست کی ہے، وہ درخواست کے التویٰ میں ہونے تک جاری رکھ سکے گا، لیکن سرٹیفکیٹ سے انکار ہونے پر فور طور پر بند کیا جائے گا۔

(3) ادارہ جو پہلے سے موجود ہو، جس نے اس آرڈیننس کے نافذ ہونے کے تیس دن کے دوران دفعہ ۴ کی ذیلی دفعہ (1) کے تحت کوئی درخواست نہیں دی، وہ ایسا عرصہ ختم ہونے کے بعد جاری نہیں رکھے سکے گا۔

**سرٹیفکیٹ ملتوی کرنا یا منسوخ کرنا**
**Suspension or cancellation of certificate**

6. دفعہ 4 کی ذیلی دفعہ (3) کے تحت جاری کردہ سرٹیفکیٹ رجسٹریشن اتھارٹی کی طرف سے ایسی جانچ یا پوچھ گاچھ کے بعد ملتوی یا رد کیا جا سکتا ہے، جیسے وہ مناسب سمجھے، وہ مطمئن ہے کہ کچھ اس آرڈیننس کی گنجائشوں یا قواعد یا شرائط اور ضوابط کے ٹکراؤ میں ہے: بشرطیکہ سرٹیفکیٹ متعلقہ افراد کو سننے کا موقعہ دینے کے علاوہ ملتوی یا رد نہیں کیا جائے گا۔

**اپیل**
**Appeal**

7. اگر رجسٹریشن اتھارٹی دفعہ 4 کی ذیلی دفعہ (3) کے تحت سرٹیفکیٹ جاری کرنے سے انکار کرتی ہے، یا اس طرح جاری کردہ سرٹیفکیٹ ملتوی یا رد کرتی ہے، درخواست گذار یا سرٹیفکیٹ رکھنے والا رجسٹریشن اتھارٹی کے حکم والی تاریخ کے تیس دن کے دوران حکومت کو اپیل کر سکتا ہے اور اس سلسلے میں حکومت کی طرف سے جاری کردہ حکم حتمی ہو گا اور رجسٹریشن اتھارٹی کی طرف سے اس پر عمل کیا جائے گا۔

**جرمانہ**
**Penalty**

8. جو بھی کوئی بھی ادارہ بنا رجسٹریشن کے چلاتا ہے وہ قید کی سزا کا مستحق ہو گا جو ایک سال تک بڑھ سکتی ہے یا جرمانہ جو پچاس ہزار روپے تک بڑھ سکتا ہے یا دونوں ساتھ۔

**جرم پر کارروائی کا اختیار**
**Cognizance of**

9. کسی بھی عدالت کو اس آرڈیننس کے تحت کسی جرم پر کارروائی کا اختیار نہیں

offence

ہو گا علاوہ اس کے کہ رجسٹریشن اتھارٹی یا اس کی طرف سے اس سلسلے میں بااختیار بنائے گئے کسی عملدار کی طرف سے تحریری طور پر شکایت نہ کی جائے اور کوئی بھی فرسٹ کلاس مجسٹریٹ سے کم عدالت ایسے جرم پر کاروائی نہیں کرے گی۔

اثرانداز ہونا
Overriding effect

10. اس آرڈیننس کی گنجائشیں وقتی طور پر نافذ کسی دوسرے قانون یا معاہدے، انسٹرومنٹ، آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، ڈیڈ یا کسی دوسرے دستاویز پر اثرانداز نہیں ہوں گی۔

ضمانت
Indemnity

11. اس آرڈیننس کے تحت اچھی نیت سے کیئے گئے کسی کام یا کچھ کرنے کے ارادے کے سلسلے میں حکومت، رجسٹریشن اتھارٹی یا اس سلسلے میں کسی دوسرے شخص کے خلاف کوئی کیس یا کوئی قانونی کارروائی نہیں ہو گی۔

قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules

12. حکومت سرکاری گزیٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے اس آرڈیننس کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔

**نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔**